
## سبق-1

# دُعا



اَے دُنیا کے باغ کے مالی
اَے اپنے بندوں کے والی
دِل کے مالِک جان کے مالِک
دُنیا اور جَہان کے مالِک
دوسرا تُجھ سا کوئی نہیں ہے
تُجھ سا داتا کوئی نہیں ہے

© NCERT not to be republished



بخش ہمارے جِسم کو طاقت
بخش ہمیں محنت کی عادت
ہِمّت دے کچھ کام کریں ہم
جَگ میں رَوشن نام کریں ہم

(شفیع الدّین نیّر)



© NCERT not to be republished

## مشق



پڑھیے اور سمجھیے۔

| | | |
|---|---|---|
| والی | : | مالِک |
| جَہان | : | دُنیا |
| داتا | : | دینے والا، سخی، خدا |
| بخشنا | : | دینا |
| جَگ | : | دُنیا |



## اِن سوالوں کے جواب دیجیے۔

1. دُنیا کے باغ کا مالی کسے کہا گیا ہے؟
2. خدا کو کِس چیز کا مالِک کہا گیا ہے؟
3. داتا کسے کہا گیا ہے؟
4. ہمیں کِس کام کی عادت ڈالنی چاہیے؟



## نیچے دیے ہوئے لفظوں کے حروف الگ الگ لکھیے۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| .1 | دُعا | = | | | |
| .2 | جِسم | = | | | |
| .3 | مالی | = | | | | 
| .4 | جہَان | = | | | |
| .5 | رَوشن | = | | | |



## حروف کو ملا کر لفظ بنایئے۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| .1 | ب | ا | غ | = | ........................ |
| .2 | ج | ا | ن | = | ........................ |

© NCERT not to be republished

3. | م | ا | ل | ک | = ……………………

4. | م | ح | ن | ت | = ……………………

5. | د | ن | ی | ا | = ……………………



## خالی جگہوں میں مناسب لفظ لکھیے۔

عادت — جَہاں — بندوں — داتا — ہِمّت

1. اے اپنے ____ کے والی
2. دُنیا اور ____ کے مالِک
3. تُجھ سا ____ کوئی نہیں ہے
4. بخش ہمیں محنت کی ____
5. ____ دے کچھ کام کریں ہم



## پڑھیے اور غور کیجیے۔

دُنیا — جَہان — جَگ

اِن تینوں لفظوں کے معنی ایک ہی ہیں۔ اِسی طرح اِن لفظوں پر غور کیجیے۔

© NCERT not to be republished

1. مالِک داتا والی خدا

2. طاقت قوّت



حصّہ 'الف' اور 'ب' کے صحیح جوڑ ملائیے۔

| الف | ب |
| --- | --- |
| پھول سا | سخت |
| ریشم سا | ٹھنڈا |
| پتّھر سا | گرم |
| آگ سا | نازک |
| برف سا | نرم |



سوچیے اور بتائیے۔

محنت کی عادت کے علاوہ کچھ اور اچّھی عادتیں بتائیے۔



خوش خط لکھیے۔

بندوں ______ ______ ______ ______ ______

جَہان ______ ______ ______ ______ ______

© NCERT not to be republished

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ہمیں | | | | | |
| محنت | | | | | |
| رَوشن | | | | | |



اس نظم کو یاد کیجیے۔

© NCERT not to be republished